Series SHC/1

Code No. **253/1/1**

Roll No. | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book

- Please check that this question paper contains **8** printed pages + **3** Maps.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **23** questions.
- **Please write down the serial number of the question before attempting it.**
- آپ جانچ لیجئے کہ اِس پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات اور نقشوں کی تعداد 8 + 3 ہے۔
- پرچہ کے اوپر دائیں ہاتھ کو چھپا کوڈ نمبر آپ کو اپنی جواب کاپی کے اوپری صفحہ پر لکھنا لازمی ہے۔
- جانچ لیجئے کہ اِس پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد 23 ہے۔
- کسی سوال کا جواب لکھنا شروع کرنے سے پہلے اُس کا پرچہ کے مطابق سلسلہ نمبر جواب کاپی میں ضرور لکھ دیجئے۔

HISTORY
تاریخ

(Urdu Version)

Time allowed : 3 hours] *[Maximum Marks : 100*

وقت مقررہ : 3 گھنٹے کُل نمبر : 100

عام ھدایات :

(i) سب سوالوں کے جواب لکھیئے۔ ہر سوال کے مقابل اُس کے لئے مخصوص نمبر درج ہیں۔

(ii) 2 نمبر کے سوال کا جواب 30 الفاظ سے زائد نہیں ہوگا۔

(iii) 5 نمبر کے سوال کا جواب 100 الفاظ سے زائد نہیں ہوگا۔

(iv) 8 نمبر کے سوال کا جواب 250 الفاظ سے زائد نہیں ہوگا۔

(v) پرچہ کے ساتھ دیئے گئے خاکہ جواب کاپی کے ساتھ جوڑ دیجئے۔

(vi) طالب علم ضرورت سمجھیں تو اسٹینسل یا ٹیم پلیٹ کا اِستعمال کر سکتے ہیں۔

(P.T.O)

جدید ہندوستان

1۔ سیّد بھائیوں کی کوئی دو خصوصیات مختصراً بیان کیجئے۔ 2

2۔ بھارتی قومی جدوجہد میں جنگ جو قومیت کے اُبھار کی کوئی دو وجوہات مختصراً بیان کیجئے۔ 2

3۔ ہندوستان کے آئین کے کوئی دو بنیادی اُصول بیان کیجئے۔ 2

4۔ انیسویں صدی کے پہلے نصف میں کسانوں کی عام حالت بیان کیجئے۔
کس وجہ سے بیشتر کسان 1857 کی بغاوت میں شامل ہوگئے۔ 2+3=5

5۔ برٹش پارلیمنٹ میں 1858 کا ایکٹ کیوں پاس کیا گیا۔ اس ایکٹ کی تین اہم باتیں واضح کیجئے۔ 2+3=5

یا

1814 کی نیپال کی لڑائی کی تین اہم وجوہات واضح کیجئے۔ اس لڑائی کے کوئی دو اہم نتیجے بھی تفصیل سے لکھئے۔ 3+2=5

6۔ وضاحت کیجئے کہ انیسویں صدی کی اصلاحی تحریکات نے مُلک میں قومی بیداری کا جذبہ اُبھارنے میں اپنا رول کیسے ادا کیا؟ اس دور کی کوئی دو خاص اصلاحی تحریکات کے نام لکھئے۔ 3+2=5

7۔ دوسری عالمی جنگ کے بعد INA پر مقدمہ چلائے جانے کے برخلاف جدوجہد کی وجہ پر تنقیدی تبصرہ کیجئے۔ اس جدوجہد سے متعلق کسی دو اہم پہلوؤں کی وضاحت بھی کیجئے۔ 3+2=5

یا

ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد میں سول نافرمانی تحریک (1930-1934) کی اہمیت کا جائزہ لیجئے۔ 5

253/1/1

8 — عدمِ تعاون تحریک شروع کی جانے کی اہم وجوہات کا جائزہ پیش کیجئے۔
اِس تحریک کو 1922 میں کیوں ملتوی کر دیا گیا؟ 3+2=5

یا

1937 کی کانگریس وزارات کی اہم حصولیات کا جائزہ پیش کیجئے۔
دو ایسے صوبوں کے نام لکھئے۔ جہاں ایسی حکومتیں قائم ہوئی تھیں۔ 3+2=5

9 جنوبی ہندوستان میں انگریزوں اور فرانسیسیوں کے درمیان جدوجہد کے کوئی دو اسباب بیان کیجئے۔ اس جدوجہد میں انگریزوں کی کامیابی کے چار اسباب بھی تفصیل سے لکھیئے۔ 2+6=8

یا

1784 میں پٹ انڈیا ایکٹ کیوں پاس کیا گیا۔ اِس ایکٹ کے خاص ضابطے بیان کیجئے۔ 2+6=8

10 — علیحدہ چناؤ حلقوں کے سسٹم کے کیا معنی ہیں؟ یہ سسٹم ہندوستان میں کب شروع کیا گیا۔ اِس سسٹم کی خاص خاص باتیں بیان کیجئے۔ 2+1+5=8

یا

انیسویں صدی کے آخر میں ہندوستانی قومیت کے جذبہ کو اُبھارنے کے لئے غیر مُلکی اِقتدار کس طرح ذمہ دار تھا؟ اس دور کی کنھی دو بڑی قومی تنظیموں کو بیان کیجئے۔ 6+2=8

11 — مندرجہ ذیل پیراگراف کو پڑھئے اور آگے پوچھے گئے سوالوں کے جواب لکھئے۔

اپنے نامور ہفتہ وار میگزین 'ینگ انڈیا' میں گاندھی جی نے ایک مشہور مضمون میں لکھا تھا:

"عدمِ تشدّد ہمارے لوگوں کا اُصول ہے۔ جیسے تشدّد وحشی لوگوں کا اُصول ہوتا ہے لیکن جب انتخاب فقط بُزدلی اور تشدّد کے بیچ ہو تو میرا فیصلہ یہی ہوگا کہ ہندوستان ہتھیار اُٹھائے اور اپنی عزّت کی رکھوالی کرے نہ کہ بُزدلی دکھائے اور بے کسی میں اپنی عزّت کو برباد ہوتے دیکھے۔"

(11.1) گاندھی جی نے یہ مضمون کس سلسلہ میں لکھا تھا؟

(11-2) گاندھی جی کے مطابق کوئی آدمی کب تشدّد اختیار کر سکتا ہے؟

(11.3) عدمِ تشدّد کے بارے میں گاندھی جی کے تصوّرات کیا تھے؟ 2+2+4=8

یا

جلیاں والا باغ کا قتلِ عام کس حادثہ سے تعلّق رکھتا ہے؟ یہ کب واقع ہوا؟ قومی تحریک پر اِس کا اثر بیان کیجئے۔

2+1+5=8

12۔ دیئے گئے بھارت کے پولیٹیکل خاکہ پر 1947 میں کنھی پانچ راجاؤں کی دیسی ریاستوں کو نشان زد کر کے ان کے نام لکھئے۔ 5

یا

دیئے گئے بھارت کے پولیٹیکل خاکہ پر 1857 کی بغاوت کے مندرجہ ذیل مرکزوں کو نشان زد اور نام زد کیجئے۔ 5

(12.1) جھانسی۔ (12.4) دلّی۔

(12.2) کیرک پور۔ (12.5) آرا۔

(12.3) میرٹھ۔

نوٹ:

ذیلی سوال اُوپر کے سوال نمبر 12 کی جگہ فقط نابینا طلباء اور طالبات کے لئے ہے۔

1947 میں کِنھی پانچ راجاؤں کی دیسی ریاستوں کے نام لکھئے۔ 5

یا

1857 کی بغاوت کے کِنھی پانچ مراکز کے نام لکھئے۔ 5

عصری تاریخِ عالم

13- وُڈرو وِلسن کے مشہور اَمن کے 14 نُکات سے کوئی دُو سجھاؤ بیان کیجئے۔ 2

14- دُوسری عالمی جنگ سے مُتعلقہ فرضی (فونی) لڑائی کیا تھی؟ 2

15- اِسٹالِن کی موت کے تھوڑا بعد سوویٹ یونین میں ہونے والی تبدیلیوں میں سے کسی دُو کا ذکر کیجئے۔ 2

16- سائنس اور ٹیکنالوجی کے فیلڈ میں ہوائی جہاز کی ایجاد کو ایک اہم جان کاری کیوں مانا گیا؟ 2

یا

ایشیائی ادبیات کے نشاۃ ثانیہ کی کوئی دُو بُنیادی خوبیاں لکھئے۔ 2

17- کمیونسٹ پارٹی کا منشور کب اور کس نے لکھا تھا؟ 2

یا

جلدی خراب ہو جانے والی چیزوں کو دُور دراز کے علاقوں میں تقسیم کرنے میں ٹیکنالوجی نے کیسے مدد کی ہے؟ 2

18- 1861 میں نامنظور تصویروں کی فرانس میں نمائش کیوں کی گئی؟ 2

یا

اٹیم کو ختم کر سکنے کی قابلیت اِنسان کے لئے تباہ کاری ہونے کے ساتھ ساتھ عطیہ بھی کس طرح ثابت ہوئی؟ 2

19- حالیہ تاریخ کا مفہوم سمجھائیے۔ اس کی کوئی تین اہم خصوصیات بیان کیجئے۔ 3+2=5

یا

رُوسی اِنقلاب کے اَسباب کو سمجھائیے۔ دنیا پر اِس کے دو اثرات لکھئے۔ 3+2=5

20- 'پولینڈ سوال' کیا تھا؟ جس کی وجہ سے ستمبر 1939 کو دُوسری عالمی جنگ ہوئی؟ سوویٹ روس پولینڈ کی اِمداد کرنے کو کیوں راضی نہ تھا۔ 3+2=5

یا

نیگری چیوڈ تحریک سے کیا سمجھا جاتا ہے؟ اس تحریک کے کوئی تین اہم نتائج سمجھائیے۔ 2+3=5

21۔ دوسری عالمی جنگ کے جلد ہی بعد کوریا میں جنگ شروع ہونے کی وجہ کا تنقیدی تجزیہ پیش کیجئے۔ اس جنگ میں شامل دو بدیشی ملکوں کے نام لکھئے۔ 3+2=5

22۔ US نے کب رسمی طور پر دوسری عالمی جنگ میں شمولیت کی۔ اُس حادثے کو بیان کیجئے جس نے US کو لڑائی میں شامل ہونے پر مجبور کیا۔ اُس سے پہلے کے US کے نظریہ کو سمجھائیے۔ 1+2+5=8

یا

پہلی کانفرنس میں متعین کئے گئے ناوابستگی تحریک کے بنیادی مقاصد بیان کیجئے۔ اس تحریک کی آج کیا مناسبت ہے؟ 4+4=8

23۔ ایشیاء کے پولیٹیکل خاکہ پر 1914 میں کوئی پانچ برٹش نوآبادیاں دکھائیے۔ اور اُن کے نام لکھئے۔ 5

یا

یورپ کے پولیٹیکل خاکہ پر 1914 میں جرمنی سے منسلک دو ملک، برٹین سے منسلک دو ملک اور ایک غیر منسلک ملک، نشان زد اور نام زد کیجئے۔ 5

نوٹ :

آگے دیا گیا سوال ، سوال نمبر 23 کے عوض میں فقط نابینا طلباء اور طالبات کے لئے ہے۔

الیشیاء میں 1914 میں کنھی پانچ انگریزی نو آبادیات کے نام لکھیے۔ 5

یا

1914 میں جرمنی سے منسلک دو ملکوں ، برٹین سے منسلک دو ملکوں اور ایک غیر منسلک ملک کے نام لکھیے۔ 5

For Question No. 12

प्रश्न सं. 12 के लिए

سوال نمبر 12 کے لئے



For Question No. 23 سوال نمبر 23 کے لئے प्रश्न सं. 23 के लिए



For Question No. 23 (OR)

प्रश्न सं. 23 के लिए (अथवा)

سوال نمبر 23 کے لئے (یا)

